# سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# والدین کے 3 حقوق

(قسط سوم)

03 جولائی 2025



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعایاد کرنا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ۔

آج کے سیکھنے سکھانے کے **حلقوں** میں **والدین کے 3 حقوق** (قسط سوم) سکھائے جائیں گے اور **ادائے قرض کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی** صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر 1 مرتبہ دُرودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر 10 رحمتیں بھیجتا اور اس کے نامۂ اَعمال میں 10 نیکیاں لکھتا ہے۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## والدین کے 3 حقوق (قسط سوم)

### آیتِ مبارکہ

وَ وَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْهِ حُسْنًاؕ-وَ اِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ بِیْ مَا لَیْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَاؕ (پارہ:20، سورۂ عنکبوت:8)

**تَرجَمۂ کنزُ العِرفان**: اور ہم نے (ہر) انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی تاکید کی اور (اے بندے!) اگر وہ تجھ سے کوشش کریں کہ تو کسی کو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو تُو ان کی بات نہ مان۔

### فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

جو شخص اپنے والدین کی وفات کے بعد ❁ اِن کی قسم پوری کرے ❁ اِن کا قرض اتارے ❁ کسی کے ماں باپ کو بُرا بھلا کہہ کر اِنہیں بُرا بھلا نہ کہلوائے، وہ والدین کا فرمانبردار لکھ دیا جاتا ہے، اگرچہ اِن کی زندگی میں نافرمان تھا اور جو (والدین کی وفات کے بعد) ❁ اِن کی قسم پوری نہ کرے ❁ اِن کا قرض نہ

---

1 ... ترمذی، ابواب الوتر، باب فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم، صفحہ:144، حدیث:174۔

اتارے ❁ دوسروں کے والدین کو بُرا بھلا کہہ کر اِنھیں بُرا بھلا کہلوائے،وہ والدین کا نافرمان لکھ دیا جاتا ہے، اگرچہ ان کی زندگی میں فرمانبردار تھا۔[1]

## والدین کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اللہ و رسول نے ہمیں والدین کے ساتھ نیکی اور بھلائی کا حکم دیا ہے۔ یہ جنّت میں لے جانے والا عمل ہے۔ والدین کے بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 6 حقوق ہم پہلے سیکھ چکے 3 آج سیکھیں گے۔ آیئے! پہلے سیکھے ہوئے حقوق دوہرا لیتے ہیں: (1): اطاعت و فرمانبرداری (2): والدین کو راضی رکھنا (3): والدین کی خدمت کرنا (4): ادب و احترام کرنا (5): والدین کے لئے دعا کرنا (6): والدین کے متعلقین سے صلۂ رحمی کرنا۔

مزید 3 حقوق جو آج سیکھنے ہیں:

### پہلا حق : والدین کو بُرا بھلا نہ کہنا

**وضاحت:** والدین کو سَبّ و شَتْم (بُرا بھلا کہنا) کبیرہ گناہ ہے۔[2] والدین کو بُرا بھلا کہنے کی چند صورتیں ہیں (1): مَعاذَ اللہ ! خود اپنی زبان سے والدین کو برا بھلا کہنا ❁ ان کو عیب لگانا ❁ غیبتیں کرنا ❁ گالیاں بکنا وغیرہ۔ مِعْراج کی شب نبیوں کے سردار، رسولوں کے سالار صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے دوزخ میں کچھ ایسے لوگ دیکھے، جو آگ کی شاخوں سے لٹکے ہوئے تھے۔ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: اے جبریل! یہ کون لوگ ہیں؟ عرض کی: یہ وہ لوگ ہیں جو دنیا میں اپنے والِدَین کو گالیاں دیتے (بُرا بھلا کہتے) تھے۔[3] (2): ایسے کام کرنا کہ لوگ آپ کے والدین کو ❁ بُرا بھلا کہیں ❁ ان کی بے عزتی کریں وغیرہ۔ پیارے آقا، مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: بندے کا اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہوں میں سے ہے۔ عرض کی گئی: یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم ! کیا

---

1 .... معجم اوسط، جلد:3، صفحہ:381، حدیث:4891۔

2 .... لمعات التنقیح، کتاب الآداب، باب البر والصلۃ، جلد:8، صفحہ:211، تحت الحدیث:4916، ملخصًا۔

3 .... الکبائر لذھبی، الکبیرۃ الثامن عقوق الوالدین، صفحہ:31۔

کوئی اپنے والدین کو بھی گالی دے سکتا ہے؟ فرمایا: ہاں! یہ کسی کے باپ کو گالی دے تو وہ اِس کے باپ کو گالی دے اور یہ کسی کی ماں کو گالی دے تو وہ اِس کی ماں کو گالی دے۔[1]

## دوسرا حق: والدین کی وفات کے بعد ان کی تجہیز و تکفین وغیرہ کا انتظام کرنا

**وضاحت:** خدانخواستہ اگر والدین میں سے کوئی وفات پا جائیں تو ان کے ❁ غسل ❁ کفن ❁ نمازِ جنازہ اور ❁ دفنانے کا انتظام کیا جائے، ان سب کاموں میں سنت و مُسْتَحَبَّات کا خیال رکھا جائے تاکہ میت کو ان سنت و مُسْتَحَبَّات کی برکتیں حاصِل ہوں، بہتر یہ ہے کہ اولاد یہ کام خود کرے، اگر اولاد میں سے کوئی بھی یہ کام نہ جانتا ہو تو کوئی بھی نیک پرہیز گار شخص کر دے تو بھی حرج نہیں۔ یاد رہے! ان سب کاموں میں جلدی کی جائے بلاوجہ تاخیر کرنا سخت منع ہے، حدیث پاک میں ہے: جب تم میں سے کوئی مر جائے تو اسے نہ روکو اور جلدی دفن کرو۔[2]

## تیسرا حق: والدین کا قرض ادا کرنا

**وضاحت:** والدین پر قرض ہو تو ان کی زندگی میں بھی ان کے ساتھ مل کر قرض ادا کرنا اور اگر والدین وفات پا جائیں تو ان کا قرض اتارنے میں جتنا ہو سکے جلدی کرنا۔ میرے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: مسلمان کی روح اپنے قرض کی وجہ سے اس وقت تک مُعَلَّق رہتی ہے (یعنی جنت میں جانے سے روک دی جاتی ہے)، جب تک کہ اس کا قرض ادا نہ کر دیا جائے۔[3]

## دوہرائی

آج ہم نے والدین کے 3 حقوق سیکھے ہیں، ذہن میں بیٹھا لیجئے! (1): والدین کو بُرا بھلا نہ کہنا (2): والدین کی وفات کے بعد اِن کی تجہیز و تکفین وغیرہ کا انتظام کرنا (3): والدین کا قرض ادا کرنا۔

---

1 .... مسلم، کتاب الایمان، باب بیان الکبائر واکبرھا، صفحہ: 53، حدیث: 146۔

2 .... معجم کبیر، جلد: 12، صفحہ: 444، حدیث: 13613۔

3 .... سنن ترمذی، ابواب الجنائز، باب ماجاء عن النبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم انہ قال .... الخ، صفحہ: 280، حدیث: 1078۔

# سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

## ادائے قرض کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

**ترجمہ:** اے اللہ پاک! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا غیروں سے بے نیاز کر دے۔[1]

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُوْرَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوَّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک

---

1 .... مستدرک، کتاب الدعاء والتکبیر... الخ، باب دعاء دخول السوق، جلد:2، صفحہ:230 حدیث:2016۔

دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟ (56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ۞ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ۞ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟